سوال

(507) بلند آواز سے آمین کہنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کسی حدیث میں آتا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پیغمبر اسلام کے پیچھے اونچی آواز میں آمین کہتے تھے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں احادیث سے ثابت ہے کہ صحابہ کرامؓ آپﷺ کی اقتدا میں آمین بآوازِ بلند پکارتے تھے۔ صحیح بخاری میں ہے کہ

''عبداللہ بن زبیرؓ اور ان کے مقتدی اتنی بلند آواز سے آمین کہا کرتے تھے کہ مسجد گونج اُٹھتی تھی۔'' صحیح البخاری، بَابُ جَهْرِ الإِمَامِ بِالتَّأْمِينِ، قبل رقم: ۷۸۰

ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا:

'إِذَا أَمَّنَ الإِمَامُ فَأَمِّنُوا' صحیح البخاری، بَابُ جَهْرِ الإِمَامِ بِالتَّأْمِينِ، رقم: ۷۸۰''

جب امام آمین کہے۔ تم بھی آمین کہو۔''

اور دوسری روایت میں بخاری کے الفاظ یوں ہیں: 'إِذَا أَمَّنَ القَارِئُ فَأَمِّنُوا' صحیح البخاری، بَابُ التَّأْمِينِ، رقم: ۶۴۰۲''

جب قاری آمین کہے۔ تم بھی کہو۔''

ظاہر ہے کہ رسول اللہﷺ امام تھے اور صحابہ رضی اللہ عنہم مقتدی تھے سب اکٹھے آمین پکارتے تھے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ 428

محدث فتویٰ